کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا جس میں جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمن ... محکمہ لیبر اینڈ ... میں باری کو ضلع گوادر کے ماہی گیروں جن کو ... پہنچنے کے لیے باقاعدہ تربیت فراہم ... ان سے ... رپورٹ سمیت دیگر ضروری دستاویزات حاصل کیے جانے کے باوجود تاحال ان کو ... روزگار نہیں دیے جانے کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔ اجلاس میں قائمہ کمیٹی برائے محکمہ سوشل ویلفیئر کی رپورٹ برائے بلوچستان انسداد گداگری مسودہ قانون، قائمہ کمیٹی برائے محکمہ محنت و افرادی قوت کی رپورٹ برائے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کا ترمیمی مسودہ قانون، قائمہ کمیٹی برائے محکمہ محنت و افرادی قوت کی رپورٹ برائے بلوچستان ... کمیشن کا مسودہ قانون، قائمہ کمیٹی برائے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کی رپورٹ برائے بلوچستان سروس ٹریبونل کا مسودہ قانون اور بلوچستان یونیورسٹیز کا مسودہ قانون پیش کیا جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

# پوست کے خاتمے کی فیز ٹو مہم کامیابی سے جاری ہے، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ

## مجموعی طور پر 1554 ایکڑ پر کاشت کی گئی پوست کی فصل کو تلف کر دیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر

قلعہ عبداللہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں منشیات کے خلاف جاری پوست (پاپی) کے خاتمے کی مہم فیز II کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے پوست کی فصل کے خلاف جاری آپریشن کے دورے کے دوران صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا، انہوں نے آپریشن کی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تمام متعلقہ اداروں اور ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا۔ ضلع قلعہ عبداللہ میں جاری پوست کی ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

فصل کے خلاف ضلعی انتظامیہ قلعہ عبداللہ، پولیس فورس، اینٹی نارکوٹکس فورس اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران و اہلکاروں نے مل کر اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ کی نگرانی میں کی اس آپریشن میں ایف سی 77 ونگ، پولیس، اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF)، انسپکٹر ایکسائز و نارکوٹکس رفیق خان ناصر اور ضلعی انتظامیہ نے مشترکہ طور پر حصہ لیا۔ ضلعی انتظامیہ کے ایک ذمہ دار آفیسر نے کہا کہ اس کارروائی کے دوران ٹیموں نے تحصیل گلستان کے علاقوں ڈوگی، بگیکی، ... اور تحصیل قلعہ عبداللہ کے علاقوں گلستان کراس، حبیب زئی، میزئی، جنگل پیر علیزئی، کاریزی اور ... میں آپریشن کیا۔ اس دوران مجموعی طور پر 1554 ایکڑ اراضی پر کاشت کی گئی پوست کی فصل کو مکمل طور پر تلف کر دیا گیا اے سی قلعہ عبداللہ نے کہا کہ ٹیم ا نے قلعہ عبداللہ میں 1608 ایکڑ رقبہ ٹریکٹرز ... گلستان میں 1843 ایکڑ رقبہ صاف کیا انہوں نے کہا کہ اس آپریشن کے دوران روایتی طریقوں کے ذریعے سے 183 ایکڑ رقبہ ٹریکٹرز کے ذریعے کلیئر کر دیا گیا

# ٹیکس دہندگان اپنے POS سسٹمز کو مکمل فعال رکھیں، بلوچستان ریونیو اتھارٹی

## واجبات ادا کریں تاکہ کسی بھی قانونی کارروائی سے بچا جا سکے، اتھارٹی

کوئٹہ (ج ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب احمد نوشیروانی کے وژن اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے چیئرپرسن عبداللہ خان کی ہدایات کی روشنی میں صوبے بھر میں جاری مانیٹرنگ مہم کے سلسلے میں آج مختلف ریسٹورنٹس پر ٹیمیں تعینات کی گئیں۔ اتھارٹی کے مطابق مانیٹرنگ ٹیم نے OPTP اور Master Biryani کا دورہ کیا جہاں ٹیکس قوانین پر عملدرآمد اور POS سسٹم کی درست انٹیگریشن کا جائزہ لیا گیا۔ بی آر اے نے تمام ٹیکس ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

دہندگان کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے POS سسٹمز کو مکمل طور پر فعال رکھیں، فروخت کی درست رپورٹنگ یقینی بنائیں اور مقررہ مدت کے اندر ٹیکس ریٹرن فائل کریں اور واجبات ادا کریں تاکہ کسی بھی قانونی کارروائی سے بچا جا سکے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No 2

Dated: 13 APR 2026 Page No. 15

# ڈی سی قلات: کھلی کچہریوں کے انعقاد کے بعد ضلع قلات میں 86 اسکول فعال ہو گئے

## ضلعی انتظامیہ نے محکمہ تعلیم میں کنٹریکٹ پر باصلاحیت اساتذہ کی تعیناتیاں کر کے تمام اسکولز فنکشنل کیے

## محکمہ تعلیم میں فیز 4 میں بھی مرد خواتین اساتذہ کی تقرریاں خوش اسلوبی سے سرانجام دی گئی ہیں، منیر احمد درانی

قلات (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن قلات کی جانب سے گزشتہ پانچ مہینوں کے دوران 22 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں جن میں پانچ ڈسٹرکٹ لیول اور 17 تحصیل لیول پر منعقد کی گئیں ضلعی انتظامیہ کی زیر صدارت منعقدہ کھلی کچہریوں میں عوام الناس نے بھرپور انداز میں شرکت کی اور مسائل کی نشاندہی کی ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے اپنے دفتر میں میڈیا بریفنگ میں بتایا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد سے قبل ضلع قلات میں 86 اسکول غیر فعال تھے الحمدللہ ضلعی انتظامیہ نے وزیراعلیٰ اور چیف سیکرٹری کی ہدایت پر محکمہ تعلیم میں کنٹریکٹ پر باصلاحیت اساتذہ کی تعیناتیاں کرکے تمام اسکولز فنکشنل کیے محکمہ تعلیم (بقیہ نمبر10 صفحہ نمبر5 پر)

میں فیز 4 میں بھی مرد خواتین اساتذہ کی تقرریاں خوش اسلوبی سے سرانجام دی گئی ہیں ڈپٹی کمشنر قلات نے کہا ہے کہ کھلی کچہریوں میں عوام الناس نے تعلیم وصحت کے مسائل کی نمایاں طور پر نشاندہی کی اور انتظامیہ نے ہر کھلی کچہری میں متعلقہ محکمے سے پیشرفت رپورٹ اور عوام الناس کو آگاہی فراہم کرتے رہے ہیں ڈپٹی کمشنر قلات کا کہنا تھا کہ تعلیم وصحت کے محکموں کے بلڈنگز کی تعمیر ومرمت کے پی ایس ڈی پی پراجیکٹس میں 70 فیصد منصوبے شامل کیے گئے ہیں ضلع قلات میں 22 بی ایچ یوز 11 سول ڈسپنسریاں تین رورل ہیلتھ سینٹرز مکمل طور فنکشنل بمع ادویات سمیت دیگر طبی سہولتوں کی رسائی عوام تک ممکن بنادی گئی۔ ڈی سی قلات نے بتایا کہ ضلع میں 8 شیلٹرلیس اسکول بھی کے بلڈنگز کا 80 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے کھلی کچہریوں میں کمیونٹی واٹر سپلائی اسکیمات سے متعلق اسسمنٹ اور شہریوں کی جانب سے دی گئی تجاویز کی روشنی میں 19 منصوبے پی ایس ڈی پی میں شامل کیے ہیں جنکی تکمیل سے اکثریتی آبادی کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی ممکن ہوگی ڈپٹی کمشنر قلات نے بتایا کہ قلات کی قدرتی حسن اور خوبصورتی برقرار رکھنے کیلیے تھیم پارک کا قیام بھی عمل میں لایا جارہا ہے اشیائے خوردونوش وپٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی اور مہنگائی کی روک تھام کیلئے مانیٹرنگ کمیٹیاں فعال اور متحرک کردی گئی ہیں سروسز ڈیلیوری کیلئے انتظامیہ اپنی ذمہ داریوں سے غافل نہیں ہے انتظامی افسران ہمہ وقت عوام کی خدمت کیلئے کوشاں ہیں۔

Century Express Quetta

## ڈی سی زیارت کا کم ریونیو جمع کرنے پر اظہار برہمی

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ریونیو کولیکشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی شیر شاہ غلزئی، نور احمد تحصیلدار زیارت، عبدالوکیل تحصیلدار سنجاوی، اور پٹواری زیارت وسنجاوی نے شرکت کی۔ اجلاس میں مالی سال 26-2025 کے دوران ریونیو کولیکشن کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ریونیو وصولی کی انتہائی کم شرح جمع کرنے پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ ریونیو عملے کو سخت وارننگ جاری کی اور ہدایت کی کہ مقررہ اہداف ہر صورت میں حاصل کیے جائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ریونیو سٹاف اپنی کارکردگی میں بہتری لاتے ہوئے فیلڈ میں متحرک کردار ادا کرے، نادہندگان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، اور روزانہ کی بنیاد پر پیش رفت رپورٹ پیش کی جائے۔

## ڈی سی دکی کا گورنمنٹ ڈگری کالج کا دورہ

دکی (ن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان نے تحصیلدار سردار عبدالرازق دمڑ اور چیئرمین میونسپل کمیٹی ملک کلیم اللہ ترین کے ہمراہ گورنمنٹ ڈگری کالج دکی کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے کالج ہال کا جائزہ لیا، جو گزشتہ بارشوں کے دوران نقصان زدہ ہوا تھا، اور متعلقہ حکام کو ہال کی فوری مرمت اور بحالی کے اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ اس کے علاوہ انہوں نے کالج میں طلباء اور اسٹاف کے لیے پارکنگ کی نئی تعمیر کیلئے جگہ کا معائنہ بھی کیا تاکہ محفوظ اور منظم پارکنگ کی سہولت فراہم کی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے کالج انتظامیہ اور عملے سے ملاقات بھی کی اور انہیں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے، سہولیات کو مؤثر بنانے، اور طلبہ کی تعلیمی وعملی تربیت کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرنے کی ہدایات دیں۔

## غیر رجسٹرڈ مدارس فوری رجسٹریشن کرائیں، ڈی سی دکی

دکی (خ ن) حکومت بلوچستان کی جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے تمام مدارس کے مہتمم وناظمین نے شرکت کی۔ اجلاس میں مدارس کی رجسٹریشن کے عمل، نظم وضبط، اور سرکاری پالیسیوں پر عملدرآمد کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام غیر رجسٹرڈ مدارس فوری طور پر اپنی رجسٹریشن مکمل کریں، بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تمام مدارس اپنے زیر تعلیم طلباء اور تدریسی عملے کا مکمل اور مستند ڈیٹا مرتب کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated 13 APR 2026 Page No. 16

# تربت: شاہی تمپ میں ڈینگی کا پھیلاؤ، طبی مرکز میں اضافی عملہ تعینات کرنے کی منظوری

## متاثرہ افراد کی شرح 80 فیصد تک جا پہنچی، مچھروں کے خاتمے کیلئے سپرے اور دیگر حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر کیچ

تربت (نمائندہ انتخاب) شاہی تمپ میں ڈینگی وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ضلعی انتظامیہ نے ہنگامی اقدامات تیز کر دیے ہیں، ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے صورت حال کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف رند کو طلب کیا اور فوری طور پر بی ایچ یو میں اضافی طبی عملہ تعینات کرنے کی ہدایت جاری کی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ کی ہدایات کے بعد محکمہ صحت نے بی ایچ یو شاہی تمپ میں میڈیکل آفیسر سمیت تین افسران کی فوری تعیناتی کے بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

احکامات جاری کر دیے ہیں تاکہ متاثرہ علاقے میں طبی سہولیات کو بہتر بنایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ صحت کو ہدایت دی کہ ڈینگی سے متعلق آگاہی مہم کو موثر بنایا جائے اور مچھر کے خاتمے کے لیے اسپرے اور دیگر اقدامات فوری طور پر یقینی بنائے جائیں۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالرؤف رند نے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شاہی تمپ میں ڈینگی سے متاثرہ افراد کی شرح پہلے 80 فیصد تک پہنچ گئی تھی جو ضلعی انتظامیہ کے بروقت اور ہنگامی اقدامات کے نتیجے میں یہ شرح کم ہو کر 30 فیصد رہ گئی ہے اور بہت جلد اس پر مکمل قابو پالیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہنگامی صورتحال کے تحت بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں اور گزشتہ سالوں کے مقابلے میں اس سال ڈینگی کے کیسز میں واضح کمی دیکھی گئی ہے جس کا کریڈٹ بہترین حکمت عملی اور بروقت اقدامات کو جاتا ہے۔

# بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کا ہونہار و مستحق طلباء کیلئے اسکالرشپ پروگرام کا اعلان

## اقدام وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی جانب اہم پیشرفت، اسکالرشپس میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر دی جائیں گی، خالد ماندائی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ نے 2025-26 کے لئے اسکالرشپ پروگرام کا اعلان کر دیا، جس کے تحت صوبے کے ہونہار اور مستحق طلباء کو بالخصوص فنی تعلیم کے شعبے میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ یہ اقدام وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق نوجوانوں کو تعلیم اور ہنر کے ذریعے بااختیار بنانے کی جانب اہم پیشرفت ہے۔ چیف ایگزیکٹو افسر بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ خالد ماندائی نے بتایا کہ BEEF اسکالرشپ پالیسی 2024 کی کامیابی کے تسلسل میں پروگرام کو مزید وسعت دی گئی ہے، جس کے تحت ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ کے طلباء کو خصوصی مالی معاونت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسکالرشپس میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر دی جائیں گی جبکہ معذور، یتیم اور اقلیتی طلباء کے لئے خصوصی کوٹہ بھی مختص ہے۔ بلوچستان کے ڈومیسائل رکھنے والے ایسے طلباء جو سرکاری اداروں میں زیر تعلیم ہوں اور سال 2025 کے امتحانات میں کم از کم 60 فیصد یا سمسٹر بقیہ نمبر 18 صفحہ 5 پر

سسٹم میں 75 فیصد نمبر حاصل کریں، درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ خالد ماندائی کے مطابق منتخب طلباء کو BEEF پالیسی کے تحت مالی معاونت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے طلباء کو ہدایت کی کہ وہ اپنی درخواستیں بروقت جمع کروائیں، کیونکہ آخری تاریخ 31 مئی مقرر کی گئی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 13 APR 2026 Page No. 17

# گوادر کے ماہی گیروں کو سبسڈی پر فائبر گلاس کشتیاں فراہم کرنے کا اعلان

## 24 فٹ لمبی کشتیاں گرین فائبر گلاس بونس اسکیم کا حصہ، 85 سے 90 ہارس پاور کے انجن نصب اور جدید انسولیٹڈ اسٹوریج موجود ہے

### کشتی کی مجموعی لاگت 52 لاکھ 95 ہزار روپے، بلوچستان حکومت 90 فیصد لاگت برداشت کرے گی، ماہی گیروں کی معاشی حالت بہتر ہوگی، مولانا ہدایت الرحمن

گوادر (این این آئی) بلوچستان حکومت کے محکمہ ماہی گیری نے گوادر کے کم آمدنی والے ماہی گیروں کے لیے 92 جدید فائبر گلاس کشتیاں سبسڈی پر فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق 24 فٹ لمبی یہ کشتیاں "گرین فائبر گلاس بونس اسکیم" کا حصہ ہیں، جن میں 85 سے 90 بقیہ نمبر 73 صفحہ 5 پر

ہارس پاور کے انجن نصب ہیں اور جدید انسولیٹڈ اسٹوریج موجود ہے جس سے مچھلی کے معیار کو محفوظ رکھنے اور خراب ہونے سے بچانے میں مدد ملے گی۔ رپورٹ کے مطابق گوادر سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ سربندر فشریز آفس کے دورے کے دوران اس منصوبے کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ہر کشتی کی مجموعی لاگت 52 لاکھ 95 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ اس اسکیم کے تحت بلوچستان حکومت 90 فیصد لاگت برداشت کرے گی، جبکہ رجسٹرڈ ماہی گیروں کو باقی 10 فیصد یعنی تقریباً 5 لاکھ 29 ہزار 500 روپے چار سالہ اقساط میں ادا کرنا ہوں گے۔ رپورٹ کے مطابق مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ یہ اسکیم ساحلی ماہی گیر برادری کی معاشی حالت بہتر بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے اور اس سے ماہی گیری کے شعبے کو جدید بنانے میں مدد ملے گی۔ رپورٹ کے مطابق کشتیوں کی تقسیم شفاف قرعہ اندازی کے عمل کے ذریعے کی جائے گی، جس کی نگرانی ڈائریکٹر جنرل فشریز کی سربراہی میں قائم کمیٹی کرے گی۔ مختلف ساحلی اضلاع میں رجسٹرڈ ماہی گیروں کی تعداد کے مطابق کوٹہ مختص کیا گیا ہے، جن میں سے چھ کشتیاں خاص طور پر سربندر کے علاقے کے لیے مختص ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق حکام نے اہل ماہی گیروں پر زور دیا ہے کہ وہ مقررہ مدت کے اندر اپنے متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز کے دفاتر میں درخواستیں جمع کرائیں۔

# حب: سرکاری نرخ کی خلاف ورزی پر متعدد ایرانی پیٹرول پمپس سیل

## عوام کو ریلیف اولین ترجیح، ڈی سی

### کسی کو من مانی کرنے کی اجازت نہیں دینگے، عوام گرانفروشی کے مرتکب پمپس مالکان کی نشاندہی کریں، انتظامیہ سخت ایکشن لے گی، جمعہ داد مندوخیل

حب (نمائندہ انتخاب) حب انتظامیہ کی کارروائی متعدد ایرانی فیول یونٹ سیل کر دیئے گئے اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ ایرانی تیل کے مہنگے نرخوں پر فروخت کرنے کا ضلعی حب انتظامیہ نے عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے مہنگے داموں ایرانی تیل فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا ڈپٹی کمشنر حب، کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر (یو ٹی) کاشف بلوچ نے گزشتہ روز حب کے مختلف علاقوں میں بقیہ نمبر 77 صفحہ 5 پر

اچانک چھاپہ مار کارروائیاں کیں اور کارروائی کے دوران مہنگے ریٹ پر ایرانی تیل فروخت کرنے والے متعدد فیول یونٹس کو سیل کر دیا گیا جو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پیٹرول اور ڈیزل زائد قیمتوں پر فروخت کر رہے تھے اس حوالے سے حکام کے مطابق یہ یونٹس نہ صرف سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کر رہے تھے بلکہ عوام کا استحصال بھی کیا جا رہا تھا اسسٹنٹ کمشنر (یو ٹی) کاشف بلوچ نے موقع پر موجود دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ مقررہ نرخوں پر ہی تیل کی فروخت یقینی بنائیں، بصورت دیگر مزید سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی من مانی قیمتیں وصول کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی یا زائد نرخ وصولی کی صورت میں فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کریں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے ضلعی انتظامیہ نے عندیہ دیا ہے کہ آئندہ دنوں میں بھی ایسی کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ ناجائز منافع خوری کا خاتمہ کیا جا سکے اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 3

Dated: 13 APR 2026 Page No. 18

# جدوجہد جاری، خاموش رہیں گے نہ کسی دباؤ میں آئینگے

**مولانا ہدایت الرحمن**

آج ہم محفوظ نہیں تحفظ دینے والے چار دیواریاں اونچی کرکے اپنی حفاظت میں معروف ہیں، صوبائی امیر جماعت اسلامی

بلوچستان کے عوام کو غلام بنانے، حقوق سے محروم رکھنے کی پالیسی اوران پر طاقت کا استعمال تباہ کن ثابت ہوگا، ایم پی اے

**عوام جماعت اسلامی کا ساتھ دیں گے تو مسائل ومشکلات میں کمی کی راہ ہموار ہوگی، ایم پی اے کا کوئٹہ میں دعوتی کیمپ سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے سیاسی قبائلی عوام، نوجوانوں، طلباء اور خواتین کو جماعت اسلامی میں شمولیت کی دعوت دیتے ہیں۔ ہم تبدیلی کی جدوجہد وخدمت کیساتھ جمہوری ......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

مزاحمت وبغاوت بھی جاری رکھیں گے خاموش ہوں گے نہ کسی کے دباؤ میں آئیں گے 85 ارب امن وامان پر خرچ کرنے کے باوجود ہم محفوظ نہیں ہماری حفاظت والے خود چار دیواری اونچی کرکے اپنی حفاظت میں معروف ہیں بلوچستان کے عوام کو غلام، حقوق سے محروم بنانے کی پالیسی طاقت کا استعمال تباہ کن ہوگا جماعت اسلامی عوام کے مسائل کا حل، حقوق دلانے اور نظام کی تبدیلی کی حقیقی تحریک ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کوئٹہ کے زیر اہتمام دعوتی مہم کے سلسلے میں چمن پھاٹک کے قریب ختم نبوت چوک پر ''دعوتی کیمپ'' میں میڈیا ورکرز سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مولانا عبدالحق ہاشمی، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند، اعجاز محبوب، اسلامی جمعیت طلبہ کوئٹہ کے ناظم اخونزادہ عطاالرحمان نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر نائب امیر صوبہ زاہد اختر بلوچ، عبدالمجید سربازی، ڈاکٹر نعمت اللہ، مولانا عبدالحمید منصوری، محمد حلیم حماس سمیت جماعت اسلامی و اسلامی جمعیت طلباء اور جے آئی یوتھ کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے مزید کہا کہ دعوتی مہم میں ہر سطح پر عوامی دلچسپی، شمولیتیں، ممبر سازی خوش آئند ہیں۔ عوام جماعت اسلامی کا ساتھ دیں گے تو مسائل مشکلات پریشانیوں میں کمی حقوق امن اور ترقی کی راہ ہموار ہوگی۔ دعوتی مہم بلوچستان بھر میں گوادر سے ژوب تک جاری ہے۔ حقیقی تبدیلی انصاف ترقی وامن اور عدل کے حصول کیلئے جماعت اسلامی کے دروازے عوام وخواص کیلئے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ایک پرامن، جمہوری اور عوامی جدوجہد پر یقین رکھنے والی جماعت ہے جو گزشتہ کئی دہائیوں سے بلوچستان میں حقوق کے حصول، ملک میں آئین و قانون کی بالادستی، شفاف نظام حکومت اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لئے سرگرم عمل ہے۔ جماعت اسلامی کا نظریہ محض نعروں تک محدود نہیں بلکہ عملی جدوجہد کے ذریعے ایک حقیقی فلاحی اور اسلامی جمہوری معاشرے کے قیام پر مبنی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ موجودہ نظام میں پائی جانے والی خامیاں، بدعنوانی، ناانصافی اور عوامی مسائل کا حل صرف اسی صورت ممکن ہے جب ایک دیانتدار، جوابدہ اور عوام دوست قیادت سامنے آئے۔

# عوام کے مسائل پارلیمنٹ کے اندر موثر انداز میں اٹھائینگے

**خوشحال کاکڑ**

پارٹی عوام کے بنیادی حقوق کے حصول، ناانصافیوں کے خاتمے کیلئے جدوجہد مزید تیز کرے گی، چیئرمین پشتونخوانیپ

پشتونخوانیپ نظریاتی، اصولی اور عوام دوست جماعت، جو ہر ناانصافی، استحصال اور غیر جمہوری رویوں کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے

**کارکن پارٹی منشور، نظریات اور پروگرام گھر گھر پہنچانے کیلئے دن رات محنت کریں، خوسنوب، تحصیل پیاؤ دولت زئی میں اجتماعات سے خطاب**

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) پشتونخوانیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صرف ایک منظم، نظریاتی اور عوامی بنیادوں پر قائم سیاسی جماعت ہی اپنی قوم اور عوام کی ملی نجات کی تحریک کو منطقی انجام تک پہنچا سکتی ہے ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پارٹی کارکنان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ پارٹی کے منشور، نظریات اور پروگرام کو گھر گھر پہنچانے کیلئے دن رات محنت کریں، عوام سے قریبی رابطہ قائم رکھیں اوران کے مسائل کو اجاگر کریں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ بطور عوامی نمائندہ ژوب، شیرانی اور قلعہ سیف اللہ کے عوام کے مسائل کو پارلیمنٹ میں بھرپور اور موثر انداز میں اٹھاتے رہیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع قلعہ سیف اللہ کے زیر اہتمام علاقہ خوسنوب اور تحصیل پیاؤ دولت زئی میں منعقد ہونے والی دو اہم، منظم اور شاندار علاقائی کانفرنسوں سے اپنے صدارتی خطاب میں کیا ان کانفرنسوں کا مقصد تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانا، پارٹی کے نظریاتی پیغام کو نچلی سطح تک عام کرنا اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لئے موثر حکمتِ عملی ترتیب دینا تھا۔ پہلی کانفرنس علاقہ خوسنوب میں منعقد ہوئی، جس میں کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی کانفرنس سے پارٹی کے مرکزی، صوبائی اور ضلعی قائدین نے خطاب کرتے ہوئے ملک کی موجودہ سیاسی، معاشی اور سماجی صورتحال پر تفصیلی روشنی ڈالی اور عوام کو درپیش مسائل، خصوصاً مہنگائی، بے روزگاری، تعلیم وصحت کی ناکافی سہولیات اور بنیادی حقوق کی پامالی پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 13 APR 2026 Page No. 19

# مائنز اینڈ منرل بل پر جمعیت نے سنجیدہ اور متحرک کردار ادا کیا، مولانا عبدالواسع

مائنز اینڈ منرل بل محض قانونی سودہ نہیں، بلوچستان کے بچوں کے مستقبل، صوبے کے معاشی حق کا بنیادی سوال ہے، صوبائی امیر جمعیت
جے یو آئی نے اس ایشو پر اسمبلی کے فلور، میدانِ عمل، عدالتی فورمز پر بھرپور انداز میں صوبے کے عوام کی نمائندگی کی ہے

**ہم نے ہمیشہ اقتدار کو ٹھوکر مار کر اصولوں، عوامی مفاد کو ترجیح دی، کبھی صوبے کے اجتماعی مفادات پر سمجھوتہ نہیں کیا، سینئر**

کوئٹہ (آن لائن) امیر مولانا عبدالواسع، سینئر امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان نے کہا کہ مائنز اینڈ منرل بل محض ایک قانونی سودہ نہیں بلکہ بلوچستان کے بچوں کے مستقبل، وسائل پر اختیار اور صوبے کے معاشی حق خودمختاری کا بنیادی سوال ہے اس حساس ........

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

اور قومی اہمیت کے حامل معاملے پر جمعیت علماء اسلام نے ہر سطح پر بھرپور، سنجیدہ اور متحرک کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں اس بل کو دوبارہ متعلقہ کمیٹی کے سپرد کیا گیا، جہاں اب اس پر جامع، تفصیلی اور مشاورتی انداز میں بحث ہوگی تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کی رائے سے ایک منصفانہ اور قابلِ قبول قانون تشکیل دیا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جے یو آئی نے اس اہم ایشو پر اسمبلی کے فلور، میدانِ عمل، عدالتی فورمز اور دیگر تمام جمہوری پلیٹ فارمز پر بھرپور انداز میں صوبے کے عوام کی نمائندگی کی ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کی تاریخ صوبے کے حقوق کے دفاع، وسائل کے تحفظ اور عوامی مفادات کی جدوجہد سے عبارت ہے۔ ہم نے ہمیشہ اقتدار کو ٹھوکر مار کر اصولوں اور عوامی مفاد کو ترجیح دی ہے اور کبھی بھی صوبے کے اجتماعی مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا۔ مولانا عبدالواسع نے ریکوڈک منصوبہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کے معاملے پر ہماری حکومت کو ختم کیا گیا، ہمیں مختلف قسم کی مراعات اور پیشکشیں کی گئیں، مگر ہم نے ہر دباؤ کو مسترد کرتے ہوئے بلوچستان کے عوام کا مقدمہ لڑا اور بالآخر کامیابی حاصل کی۔ ہم نے اقتدار کو قربان کیا مگر اپنے ضمیر اور عوامی اعتماد کا سودا نہیں کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج بھی جے یو آئی بلوچستان کی واحد بڑی عوامی و اکثریتی سیاسی قوت ہے، لیکن منظم سیاسی انجینئرنگ کے ذریعے ہمارے عوامی مینڈیٹ پر شب خون مارا گیا

# بلوچستان میں حالات کی بہتری کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا، چوہدری شجاعت

قیام امن کیلئے اقدامات اور ترقیاتی منصوبے بلوچستان کے عوام کی خواہشات کے مطابق شروع کیے جائیں، سیدال ناصر سے گفتگو

**چوہدری شجاعت حسین نے ہر دور میں ملک میں سیاسی استحکام اور جمہوریت کے فروغ کیلئے اہم ترین کردار ادا کیا، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ**

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ کے صدر و سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے لاہور میں ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال بالخصوص بلوچستان کی ترقی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین نے ہر دور میں سیاسی استحکام اور جمہوریت کے فروغ کے لئے اہم ترین کردار ادا کیا ہے، ان ......!......

بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

جیسے مدبر سیاستدان تمام عوامی نمائندوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینٹ نے پنجاب میں صنعت و تجارت کی ترقی کے لیے چوہدری شافع حسین کی کارکردگی کو بھی سراہا۔ سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ بلوچستان کے حالات کی بہتری کیلئے تمام مکتبہ فکر کے لوگ مل کر کام کریں اور باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے، بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کی بہتری کیلئے بلوچستان کے لوگوں کی خواہشات کے مطابق عمل کیا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کو بھی وہاں کی عوام کی خواہشات کے مطابق آگے بڑھایا جائے۔ سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین نے بلوچستان میں قیام امن اور عالمی امن کیلئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی خدمات کو سراہا۔ چوہدری شجاعت حسین نے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں اپنی کتاب پیش کی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ کے اقدامات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ پنجاب میں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے سرمایہ کاروں کو ایک ہی چھت تلے سہولیات کی فراہمی سے تیزی سے نئے کارخانہ لگ رہے ہیں گزشتہ اڑھائی سالوں میں پنجاب میں اربوں روپے کی نئی غیر ملکی سرمایہ کاری ہو چکی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# ٹاؤن شپ کو اصل نقشہ کے مطابق بحال کیا جائے، نیشنل پارٹی خضدار

**پبلک پارک کی زمین کو کھیلوں کیلئے الاٹ کرنیکی خبریں باعث تشویش، کمشنر قلات نوٹس لیں، ترجمان**

خضدار (بیورو رپورٹ) نیشنل پارٹی خضدار کے ترجمان نے بیان میں ٹاؤن شپ خضدار میں پبلک پارک کی زمین کو کھیلوں کے لئے الاٹ کرنے کی خبروں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹاؤن شپ ایک منظم اور عوامی فلاحی منصوبہ ہے، جس میں عوامی ضروریات کو مدنظر

بقیہ نمبر 16 صفحہ 5 پر

رکھتے ہوئے پبلک پارک، چلڈرن پارک اور کھیلوں کے میدان الگ الگ مختص کیے گئے تھے، اگر پبلک پارک کی زمین کو کسی اور مقصد کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے تو یہ نہ صرف اصل ماسٹر پلان کی خلاف ورزی بلکہ عوام کے بنیادی حقوق پر بھی سنگین حملہ ہے۔ پارک شہریوں کے لئے تفریح، صحت اور ماحولیات کے حوالے سے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں جبکہ کھیلوں کے میدان اپنی جگہ ایک الگ ضرورت ہیں، دونوں کی حیثیت کو برقرار رکھنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کمشنر قلات ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر خضدار سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے، اگر کہیں تجاوزات یا غیر قانونی الاٹمنٹ ہوئی ہے تو اسے ختم کرایا جائے اور ٹاؤن شپ کو اس کے اصل نقشے کے مطابق بحال کیا جائے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ نیشنل پارٹی خضدار عوامی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی اور اگر اس مسئلے کو فوری حل نہ کیا گیا تو احتجاج کیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 13 APR 2026 Page No. 21

# سوئیانی وندر ایل پی جی کی دکانوں میں حفاظتی اقدامات کا فقدان

ناخوشگوار واقعات کا خدشہ

مختلف علاقوں میں غیر قانونی طور پر ایل پی جی کا کاروبار کیا جا رہا ہے، قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے عوام کو مشکلات کا سامنا

سوئیانی وندر (نمائندہ انتخاب) وندر شہر میں ایل پی جی کی قیمتیں 480 روپے فی کلو تک جا پہنچی گیس پر انحصار کرنے والے شہری شدید پریشانی میں مبتلا ہو گئے جبکہ عوام کا کوئی پرسان حال نظر نہیں آ رہا۔ تفصیلات کے مطابق وندر اور اس کے نواحی علاقوں میں بیشتر گھرانے کھانا پکانے سمیت روزمرہ ضروریات کے لیے ایل پی جی استعمال کرتے ہیں تاہم قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ عوام کے لیے ناقابل برداشت بنتا جا رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف مہنگائی نے پہلے ہی کمر توڑ رکھی ہے تو دوسری جانب گیس فروش مبینہ طور پر من مانے نرخ وصول کر کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں جبکہ سرکاری نرخنامے پر کہیں بھی عملدرآمد دکھائی نہیں دیتا۔ واضح رہے کہ وندر میں مبینہ طور پر غیر قانونی طور پر قائم ایل پی جی کی دکانیں شہریوں کے لیے عذاب بن چکی ہیں جو گنجان آباد علاقوں اور بازاروں کے اندر کھلے عام کام کر رہی ہیں جہاں کسی قسم کے حفاظتی اقدامات بھی موجود نہیں اور ان دکانوں پر سلنڈرز کی غیر محفوظ ری فلنگ بقیہ نمبر 84 صفحہ 5 پر

اور ذخیرہ اندوزی کسی بھی وقت کسی بڑے حادثے کو جنم دے سکتی ہے جس سے قیمتی انسانی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لے کر سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے غیر قانونی گیس دکانوں کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جائے اور حفاظتی اصولوں کی سختی سے پابندی لازمی قرار دی جائے تاکہ کسی ممکنہ سانحے سے قبل مؤثر اقدامات کیے جا سکیں۔

# مستونگ سکولز کھلنے کے باوجود درسی کتب سے محروم

بڑے بڑے اسکولوں میں اگرچہ کچھ کتابیں تقسیم کی جا رہی ہیں، تاہم کورس تاحال نامکمل ہے، بی ایس او پجار

مستونگ (پ ر) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پجار) کے زونل ترجمان نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع میں سرکاری اسکولز کھلنے کے باوجود طلبہ تاحال درسی کتابوں سے محروم ہیں، جو محکمہ تعلیم کے ذمہ داران کی نااہلی اور غفلت کا واضح ثبوت ہے۔ ترجمان نے کہا کہ مستونگ کے متعدد سرکاری تعلیمی اداروں میں طلبہ کو مکمل درسی کتب تک فراہم نہیں کی جا سکیں، جس کے باعث ان کی تعلیم بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق ضلع کے بڑے بڑے اسکولوں میں اگرچہ کچھ کتابیں تقسیم کی جا رہی ہیں، تاہم کورس تاحال نامکمل ہے، جس سے طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ تعلیمی سال کے آغاز کے ساتھ ہی طلبہ کو مکمل نصاب فراہم کرنا محکمہ تعلیم کی بنیادی ذمہ داری ہے، لیکن بدقسمتی سے اس میں مسلسل غفلت برتی جا رہی ہے۔ اس صورتحال سے نہ صرف طلبہ کا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے بلکہ ان کے تعلیمی مستقبل پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ زونل ترجمان نے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری نوٹس لیتے ہوئے مستونگ کے تمام اسکولوں میں درسی کتب کی مکمل اور بروقت فراہمی کو یقینی بنائیں، تاکہ طلبہ اپنی تعلیم بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رکھ سکیں۔ بصورت دیگر بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پجار احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوگی۔

# سبی سمارٹ لاک ڈاؤن، بازار سنسان تاجر پریشان

پہلے ہی کاروبار نہ ہونے اور مہنگائی کی وجہ سے ہم شدید مالی بحران ومشکلات کا شکار ہو چکے ہیں سبی میں موسم گرما کے آغاز پر شہر میں کاروبار شام کو شروع ہوتا ہے، رپورٹ

سبی (آئی این پی) سبی شہر میں سمارٹ لاک ڈاؤن شہر بند بازار سنسان تاجر مشکلات کا شکار، تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کے فیصلوں کے مطابق ڈپٹی کمشنر سبی کی ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر سبی سید منصور احمد شاہ کی سربراہی میں سبی شہر میں سمارٹ لاک ڈاؤن پر سختی سے عمل درآمد کرتے ہوئے دکانوں کو بند کر دیا گیا جس کی وجہ سے کاروباری مراکز بند ہو جانے سے شہر سنسان ہوگا سمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے تاجر برادری کا کہنا تھا کہ سبی میں پہلے ہی کاروبار نہ ہونے اور مہنگائی کی وجہ سے ہم شدید مالی بحران ومشکلات کا شکار ہو چکے ہیں سبی میں موسم گرما کے آغاز پر شہر میں کاروبار شام کو شروع ہوتا ہے سمارٹ لاک ڈاؤن کی وجہ سے اب تو سبی میں کاروبار مکمل بند ہو چکا ہے جس سے ہم فاقہ کشی پر مجبور ہو چکے ہے حکومت سبی سمیت گرما علاقوں میں سمارٹ لاک ڈاؤن کو مکمل ختم کر کے تاجروں کو ریلیف فراہم کرے تاکہ ہم کاروبار کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کے ساتھ ساتھ حکومت کا بھی بھرپور ساتھ دیں سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: INTEKHAB QUETTA
Bullet No 5
Dated 13 APR 2026
Page No 22

# اورماڑہ ٹرالر مافیا کے باعث مقامی ماہی گیر فاقہ کشی پر مجبور

## غیر قانونی ٹرالنگ سے سمندری حیات تباہ، حکومتی رٹ کو سنگین چیلنج کارروائی نہ ہوئی تو احتجاج کرینگے، پیر محمد کاکڑ، زبیر مسافر

کوئٹہ (پ ر) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و کیسکو لیبر یونین کے مرکزی صدر پیر محمد کاکڑ، جنرل سیکرٹری پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان، گوادر فشر مین ورکر یونین کے حاجی خدابیداد واجو، یونس انور، بلوچ فشر مین محنت کش یونین اور ماڑہ کے رہنما زبیر مسافر، اور صدر روی بلوچ فشر مین محنت کش اور ماڑہ زبیر مسافر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اورماڑہ کی ساحلی حدود میں ٹرالر مافیا کی بڑھتی ہوئی مداخلت اور غیر قانونی شکار نے مقامی ماہی گیروں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بڑے ٹرالرز جدید اور ممنوعہ جالوں کے ذریعے سمندری وسائل کو بے دریغ لوٹ رہے ہیں، جس کے باعث نہ صرف قیمتی آبی حیات کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ مقامی ماہی گیروں کا روزگار بھی تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر قانونی ٹرالنگ کے نتیجے میں غریب ماہی گیروں کے جال کٹ کر ضائع ہو رہے ہیں، ان کی کشتیاں نقصان کا شکار بن رہی ہیں اور ان کے خاندان شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ متعلقہ اداروں کی غفلت اور مسلسل خاموشی نے ٹرالر مافیا کو مزید طاقتور اور بے لگام بنا دیا ہے، جو نہ صرف مقامی آبادی کے لیے بلکہ حکومتی رٹ کے لیے بھی ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید گھمبیر ہو سکتی ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، مشیر فشریز برکت علی رند، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ اس سنگین مسئلے کا فوری نوٹس لیں، گوادر اور اورماڑہ کی سمندری حدود میں غیر قانونی ٹرالنگ پر سخت پابندی عائد کریں، ٹرالر مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں اور متاثرہ ماہی گیروں کے نقصانات کا فوری ازالہ یقینی بنائیں۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ اگر ماہی گیروں کے حقوق کا تحفظ نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

## بھاگ، ہوشربا مہنگائی کی لہر سے متوسط و غریب طبقہ متاثر

بھاگ (نامہ نگار) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے مہنگائی کا نیا طوفان آمد آیا مسافر گاڑیوں سمیت مال برداری کے کرایوں میں خوفناک اضافہ نے عوام کو چکرا کر رکھ دیا عام آدمی کے لیے جسم و جان کا رشتہ برقرار رکھنا انتہائی مشکل ہوگیا ہے، شہریوں کے لیے ضروری سفر اور کاروباری تاجروں کے لیے کاروبار کرنا خواب بن گیا ہے، حکمرانوں نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے، غریب کیلئے جسم و جان کا رشتہ برقرار رکھنا ناممکن بنتا جارہا ہے گھروں میں فاقوں کا سلسلہ بڑھتا جارہا ہے، بھاگ کے شہریوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں کی طرف سے بار بار مہنگائی کے طوفان کے باعث روزمرہ زندگی کے معاملات چلانا مشکل ترین سے اب ناممکن بنتے جارہے ہیں، شہریوں نے حکمرانوں کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ بار بار پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرکے مہنگائی کے جھٹکوں سے غریبوں کے گھروں میں خودکشیوں کا خدشہ ہے، عوامی حلقوں نے بے بس عوام پر مزید مہنگائی کے ذریعے ظلم و ستم کے سلسلے کے خاتمے کا مطالبہ کیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 13 APR 2023

Page No. 23


# ہیلتھ کارڈ سے ایمرجنسی کی صورت میں عوام مستفید ہونے سے محروم

## جب تک مریض کو بیڈ پر ایڈمٹ نہیں کرتے اس وقت تک نہ کوئی چیک اپ فری دے سکتے ہیں، ہسپتالوں کا موقف

کوئٹہ (اے این این) محکمہ صحت کی جانب سے ہیلتھ کارڈ سے ایمرجنسی کی صورت میں عوام مستفید ہونے سے محروم متعلقہ ہسپتالوں کا موقف ہے کہ جب تک مریض کو بیڈ پر ایڈمٹ نہیں کرتے اس وقت تک ہم نہ کوئی چیک اپ فری دے سکتے ہیں نہ ٹیسٹ اور نہ ہی دوائی فراہم کر سکتے (بقیہ 60 صفحہ 7 پر)

ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ہیلتھ کارڈ بھی برائے نام ثابت ہوگیا ہے واضح رہے کہ سابق دور حکومت میں عوام کی سہولت کے لیے محکمہ صحت کی جانب سے ہیلتھ کارڈ جاری کیا جس میں مریض کے لیے دس لاکھ روپے تک فری دوائی اور علاج ومعالجہ فراہم کرنے کی سہولتیں فراہم کی گئی اور اس سلسلے میں بلوچستان حکومت نے کئی دفعہ صحت کارڈ سے متعلق شکایت پر ایکشن بھی لیا گیا اور متعلقہ حکام سے رپورٹ بھی طلب کیا گیا لیکن کوئی شکایت موثر ثابت ہوا اور نہ ہی متعلقہ سرکاری ہسپتالوں یا نجی ہسپتالوں کے مالکان نے لچک پیدا کیا بلکہ جو بھی مریض ایمرجنسی کی صورت میں متعلقہ ہسپتالوں سے رابطہ کرتا ہے تو مریض کو ہدایت جاری کرتے ہیں کہ ٹیسٹ چیک اپ ودیگر تمام چیزیں اپنے پیسوں سے مکمل کر کے اور بعد میں اگر آپریشن کی ضرورت رہی تو اور آپ کو بیڈ پر داخل کیا گیا تب ہیلتھ کارڈ کی سہولت فراہم کرے گی وہ بھی قیمتیں دوائی آپ نے بازار سے خریدنا پڑے گا متعلقہ ہسپتالوں کی جانب سے اس طرح موقف آنے کے بعد یہ معلوم ہوا کہ محکمہ کی جانب سے ہیلتھ کارڈ بھی صرف برائے نام قومی خزانے تو ضائع ہو رہا ہے لیکن متعلقہ مریضوں کو کوئی فائدہ حاصل نہیں ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 13 APR 2026 Page No. 24


# بلوچستان میں تعلیمی اصلاحات۔۔۔امید کی کرن یا مستقل تبدیلی کا آغاز؟

صوبہ بلوچستان میں تعلیم کے شعبے میں حالیہ پیش رفت ایک خوش آئند اشارہ ہے، جہاں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے مطابق اسکول داخلہ مہم کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ خاص طور پر لسبیلہ کا 100 فیصد ہدف حاصل کرنا نہ صرف ایک انتظامی کامیابی ہے بلکہ یہ اس بات کا ثبوت بھی ہے کہ اگر سنجیدگی، منصوبہ بندی اور مقامی سطح پر مؤثر عملدرآمد ہو تو بلوچستان جیسے چیلنجنگ خطے میں بھی تعلیمی میدان میں نمایاں بہتری ممکن ہے۔ لسبیلہ میں 5,556 بچوں کا اسکولوں میں داخلہ، جن میں 2,540 بچیاں شامل ہیں، محض ایک عددی کامیابی نہیں بلکہ ایک سماجی تبدیلی کی علامت ہے۔ بلوچستان جیسے صوبے میں جہاں طویل عرصے سے تعلیمی پسماندگی، بنیادی سہولیات کی کمی اور سماجی رکاوٹیں موجود رہی ہیں، وہاں بچیوں کی تعلیم میں اضافہ خاص طور پر اہمیت رکھتا ہے۔ یہ پیش رفت صنفی برابری کی جانب ایک عملی قدم ہے، جو مستقبل میں معاشرتی اور معاشی ترقی کی بنیاد بن سکتی ہے۔ تاہم، اس کامیابی کو صرف ایک مہم تک محدود نہیں رہنا چاہیے۔ اصل چیلنج داخلے کے بعد بچوں کی مسلسل حاضری، معیاری تعلیم کی فراہمی اور اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانا ہے۔ ماضی میں کئی بار دیکھا گیا ہے کہ داخلہ مہمات کے باوجود طلبہ کی بڑی تعداد جلد ہی اسکول چھوڑ دیتی ہے۔ اس کی وجوہات میں اساتذہ کی کمی، انفراسٹرکچر کا فقدان، اور غربت جیسے عوامل شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا یہ عزم کہ کوئی اسکول بند نہیں رہے گا یقیناً قابل ستائش ہے، مگر اس عزم کو عملی شکل دینے کے لیے مضبوط نگرانی کا نظام، شفاف فنڈنگ اور اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانا ہوگا۔ صرف عمارتوں کو کھلا رکھنا کافی نہیں، بلکہ ان میں معیاری تدریس اور ایک محفوظ تعلیمی ماحول فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ اس ضمن میں ضلعی انتظامیہ، خصوصاً لسبیلہ کے مقامی حکام کی کارکردگی ایک ماڈل کے طور پر سامنے آئی ہے۔ اگر دیگر اضلاع بھی اسی جذبے اور حکمت عملی کو اپنائیں تو صوبے بھر میں تعلیمی انقلاب کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ تاہم، ہر ضلع کے زمینی حقائق مختلف ہیں، اس لیے یکساں پالیسی کے بجائے مقامی ضروریات کے مطابق حکمت عملی ترتیب دینا زیادہ مؤثر ثابت ہوگا۔ حکومت کو چاہیے کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ والدین میں شعور اجاگر کرنے پر بھی توجہ دے۔ خاص طور پر دیہی علاقوں میں بچیوں کی تعلیم کے حوالے سے پائے جانے والے سماجی تحفظات کو دور کیے بغیر دیرپا نتائج حاصل کرنا مشکل ہوگا۔ اس مقصد کے لیے کمیونٹی انگیجمنٹ، مقامی رہنماؤں کی شمولیت اور آگاہی مہمات ناگزیر ہیں۔ لسبیلہ کی کامیابی امید کی ایک روشن کرن ہے، مگر اسے مستقل روشنی میں بدلنے کے لیے مسلسل محنت، پالیسی تسلسل اور مؤثر عملدرآمد کی ضرورت ہے۔ اگر حکومت اپنی موجودہ رفتار کو برقرار رکھتی ہے اور بنیادی مسائل پر توجہ دیتی ہے تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان بھی تعلیمی میدان میں دیگر صوبوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہوگا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No 6
Dated: 13 APR 2025 Page No. 05

# Need of technical skill

In an era defined by rapid technological advancements and a dynamic global economy, technical education has emerged as a cornerstone of individual and societal progress. No longer a secondary option, it stands as a vital pathway to empower individuals with practical skills, drive innovation, and fuel economic growth. It is good that the Balochistan government has released this reality and is taking steps to provide technical skills to its youth in various fields to produce high-quality technical human resources in the province. The province seriously lacks trained youth keeping in view its vast mineral resources and potential in different sectors.

Balochistan, Pakistan's largest and resource-rich province, stands at a crossroads. While it holds immense potential for economic growth and prosperity, it also faces challenges, including a high unemployment rate among its youth. To unlock Balochistan's true potential, it is imperative to empower its youth with the technical skills they need to succeed in the 21st-century workforce. Technical skills education and training play a pivotal role in bridging the gap between the skills employers demand and those possessed by job seekers. By equipping Balochistan's youth with the requisite technical knowledge and practical competencies, we can enable them to secure meaningful employment, contribute to the province's economic development, and lead fulfilling lives. Investing in technical skills development is not just about economic growth; it is also an investment in the social fabric of Balochistan. By providing youth with opportunities for advancement and self-sufficiency, we can reduce poverty, promote social mobility, and foster a more equitable society. The benefits of technical skills education are evident across various sectors. In the agricultural sector, technical training can enhance productivity, improve crop yields, and introduce modern farming techniques. In the construction sector, skilled masons, electricians, and plumbers are in high demand. The healthcare sector requires qualified technicians to operate and maintain medical equipment and assist in patient care. The government should play a leading role in establishing and funding technical training centers across the province, ensuring access to quality education for all youth, regardless of their socioeconomic background. Educational institutions should adapt their curricula to align with industry needs and provide hands-on training opportunities. The private sector should actively engage in skills development initiatives, partnering with educational institutions to provide apprenticeships, internships, and job placements. Non-governmental organizations can play a crucial role in outreach, community engagement, and providing support services to students.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 13 APR 2026 Page No. 06

# وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا دورہ پنجگور

افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

naseemulhaq.nuliz@gmail.con



حالیہ دنوں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے ضلع پنجگور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے حضرت شاہو قلندر کے مزار کی تعمیر نو بحالی، وویمن اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر کے قیام کے بعد باقاعدہ افتتاح کیا اور ہیڈ کوارٹر پنجگور رائفلز میں کھلی کچہری میں شرکت کی، جس نے نہ صرف حکومتی ترجیحات کو واضح کیا بلکہ ترقی، عوامی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی، خواتین کی خودمختاری اور بلوچستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ جیسے اہم اور دیرپا اثرات کے حامل پہلوؤں کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا۔ یہ دورہ ایک جامع اور مثبت ویژن کی عملی تصویر تھا، جس میں عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی عمل کو نئی رفتار دینے کا واضح عزم نظر آیا۔ پنجگور جیسے اہم اور حساس علاقے میں اس سطح کا دورہ مقامی آبادی کے لیے حوصلے اور اعتماد کا ذریعہ بنا اور اس احساس کو مزید مضبوط کیا کہ ترقی کا سفر اب زیادہ مربوط اور موثر انداز میں آگے بڑھ رہا ہے۔ پنجگور کے علاقے غریب آباد میں واقع حضرت شاہو قلندر کا دربار، جو ایک عظیم بزرگ اور اللہ کے برگزیدہ ولی تھے، طویل عرصے تک خستہ حالی کا شکار ہو کر کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا تھا۔ حکومت بلوچستان نے اس اہم روحانی، تاریخی اور ثقافتی ورثے کی بحالی کے لیے 18 ملین روپے کے خصوصی فنڈز کی منظوری دی، جبکہ منصوبے کی ذمہ داری ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کو سونپی گئی۔ اس منصوبے پر صرف پانچ ماہ کی قلیل مدت میں تزئین و آرائش کا کام کامیابی سے مکمل کر لیا گیا، جو ایک قابلِ تحسین کارکردگی ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے اس منصوبے کی تکمیل میں اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کے لیے ملک بھر کے ماہرین آثار قدیمہ جن میں والڈ سٹی لاہور اتھارٹی، سندھ ٹورازم ڈیولپمنٹ کارپوریشن، اسکول آف آرکیٹیکچر اینڈ ڈیزائن یو ای ٹی لاہور اور نقوش جاویداں فاؤنڈیشن شامل ہیں سے تکنیکی رہنمائی حاصل کی، جس کے باعث اس تاریخی مقام کی بحالی نہایت پیشہ ورانہ انداز میں ممکن ہوئی۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی اس شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مزید موجود تاریخی ورثوں، بشمول خدابادان فورٹ اور پنوں فورٹ، کی تزئین و آرائش کی ذمہ داری بھی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کو سونپ دی، جو اس ادارے پر کیے گئے اعتماد کا واضح اظہار ہے۔ دورے کا ایک اور نہایت اہم اور خوش آئند پہلو وویمن اسکل ڈویلپمنٹ سنٹر (WSDC) کا افتتاح تھا، جو ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی فلاحی تنظیم پرواز فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام خدابادان میں قائم کیا گیا ہے۔ یہ سنٹر خواتین کو بااختیار بنانے کی جانب ایک عملی قدم ہے، جہاں انہیں مختلف ہنر سکھا کر معاشی طور پر خودمختار بنایا جا رہا ہے۔ اس سنٹر میں آئی ٹی، سلائی کڑھائی، آرٹ ورک، بنیادی طبی تربیت اور مذہبی تعلیم جیسے کورسز کا اجرا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ یہاں خواتین کو ہمہ جہت ترقی کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ پہلے مرحلے میں 300 طالبات کے لیے کلاسز کا باقاعدہ آغاز اور دوسرے مرحلے میں 280 طالبات کی رجسٹریشن اس منصوبے کی کامیابی کا واضح ثبوت ہے۔ یہ سنٹر خواتین کے لیے ایک ایسا پلیٹ فارم بن چکا ہے جہاں وہ نہ صرف ہنر سیکھ رہی ہیں بلکہ اپنے اندر اعتماد اور خودمختاری کا شعور بھی پیدا کر رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے فیکلٹی کے لیے مالی معاونت، انتظامی امور کے لیے ماہانہ فنڈز اور آئی ٹی لیب کی استعداد کو 20 سے بڑھا کر 100 کرنے کا اعلان اس منصوبے کی پائیداری کو یقینی بناتا ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) اور اس کی فلاحی تنظیم پرواز فاؤنڈیشن کی خدمات قابلِ ستائش ہیں۔ یہ ادارہ نہ صرف سیکیورٹی کے میدان میں اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھا رہا ہے بلکہ عوامی فلاح و بہبود، تعلیم، صحت اور خواتین کی ترقی جیسے شعبوں میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ مزید وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہیڈ کوارٹر پنجگور رائفلز میں منعقدہ کھلی کچہری میں شرکت کی، جہاں انہوں نے براہ راست عوامی مسائل سنے۔ یہ اقدام عوام اور حکومت کے درمیان مضبوط رابطے کی ایک بہترین مثال ہے۔ اس موقع پر کیے گئے اعلانات، جیسے زیتون کے تیل کے پلانٹ کا قیام، گرین اور پنک بسوں کی فراہمی اور دیگر ترقیاتی اقدامات، اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت مختلف شعبوں میں یکساں توجہ دے رہی ہے۔ خصوصی طور پر گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج خدابادان، جسے دہشت گردوں کی جانب سے نشانہ بنایا گیا تھا جس کے نتیجے میں اس تعلیمی ادارے کو نقصان پہنچا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے اس کالج کی مرمت کے لیے 10 ملین روپے کے فنڈز کی فراہمی ایک مثبت اور حوصلہ افزا اقدام ہے، جو اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت تعلیم کے شعبے کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور نوجوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ اسی طرح بارڈر کراسنگ سے متعلق سہولیات کی بہتری، ایف آئی اے امیگریشن ڈیسک کے قیام اور دیگر انتظامی اقدامات عوامی سہولت کے لیے نہایت اہم ہیں۔ یونیورسٹی آف تربت پنجگور کیمپس کے مسائل کے حل کی یقین دہانی بھی نوجوان نسل کے لیے ایک امید افزا پیغام ہے، جو ان کے تعلیمی سفر کو مزید مضبوط بنائے گا۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو وزیر اعلیٰ بلوچستان کا یہ دورہ ایک جامع اور مثبت ویژن کی عکاسی کرتا ہے، جس میں ترقی، عوامی خدمت، خواتین کی خودمختاری اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کو یکجا کیا گیا ہے۔ یہ دورہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکومت اور ریاستی ادارے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور انداز میں کام کر رہے ہیں۔ پنجگور میں ہونے والی یہ سرگرمیاں نہ صرف مقامی سطح پر مثبت اثرات مرتب کریں گی بلکہ پورے بلوچستان کے لیے ایک مثال بھی قائم کریں گی۔ ایسے اقدامات عوام میں اعتماد پیدا کرتے ہیں اور انہیں اس یقین سے ہمکنار کرتے ہیں کہ ان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے سنجیدہ کوششیں جاری ہیں۔ یہ کہنا بجا ہوگا کہ پنجگور کا یہ دورہ ایک کامیاب، بامقصد اور نتیجہ خیز سرگرمی تھی جس نے ترقی کے سفر کو مزید تقویت دی اور عوامی امیدوں کو ایک نئی جلا بخشی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6 Dated: 13 APR 2026 Page No. 07

# بلوچستان کے گمشدہ اثاثے — ریاستی کمزوری یا احتساب کی ناکامی؟

بلوچستان ایک ایسا صوبہ ہے جو قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود بنیادی سہولیات سے محروم دکھائی دیتا ہے۔ اس محرومی کی وجوہات پر اگر سنجیدگی سے غور کیا جائے تو ایک تلخ حقیقت بار بار سامنے آتی ہے: کرپشن، بدانتظامی، اور ریاستی اثاثوں کا بے دریغ استعمال۔ حالیہ دنوں میں تین ہزار سے زائد سرکاری گاڑیوں کے غائب ہونے کا انکشاف اسی زنجیر کی ایک اور کڑی ہے، جو نہ صرف انتظامی ناکامی کو ظاہر کرتا ہے بلکہ حکومتی نظام پر ایک بڑا سوالیہ نشان بھی کھڑا کرتا ہے۔

یہ پہلا موقع نہیں کہ سرکاری وسائل کے غلط استعمال کی بات سامنے آئی ہو۔ ماضی میں بھی ایسے معاملات زیر بحث آتے رہے ہیں، مگر ہمیشہ کی طرح وقتی شور شرابے کے بعد معاملہ سرد خانے کی نذر ہو گیا۔ اس بار صورتحال کچھ مختلف نظر آتی ہے کیونکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس معاملے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے گزشتہ دہائیوں کا مکمل ریکارڈ طلب کر لیا ہے۔ آن روڈ اور آف روڈ گاڑیوں کی تفصیلات جمع کی جا رہی ہیں اور لاپتہ گاڑیوں کی نشاندہی کے لیے ایک جامع عمل شروع کیا گیا ہے۔

ذرائع کے مطابق، ان گمشدہ گاڑیوں میں سے بڑی تعداد سابق وزرائے اعلیٰ، گورنرز، وزراء ، اعلیٰ بیوروکریٹس اور دیگر بااثر شخصیات کے زیر استعمال رہی ہے۔ یہ وہ طبقہ ہے جس پر ریاستی امانتوں کی حفاظت کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے، مگر بدقسمتی سے انہی ہاتھوں سے ان اثاثوں کو ذاتی ملکیت سمجھ کر استعمال کیا گیا۔ یہ عمل نہ صرف آئینی اور اخلاقی خلاف ورزی ہے بلکہ عوام کے اعتماد کو بھی مجروح کرتا ہے۔

اس سے بھی زیادہ تشویشناک پہلو سرکاری گاڑیوں کا بے دریغ اور غیر ضروری استعمال ہے۔ بڑھتی ہوئی پٹرول کی قیمتوں کے باوجود سرکاری وسائل کا جس طرح استعمال ہو رہا ہے، وہ کسی بھی طرح قابل قبول نہیں۔ اطلاعات کے مطابق بعض افسران، سابق عہدیداران اور بیوروکریٹس کے زیر استعمال ایک ایک وقت میں چھ، سات بلکہ اس سے بھی زائد سرکاری گاڑیاں موجود ہیں۔ ان گاڑیوں کو نہ صرف ذاتی کاموں کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے بلکہ ان کے اہل خانہ، دوست احباب اور قریبی افراد بھی ان سے مستفید ہو رہے ہیں۔ یہ عمل ریاستی وسائل کی کھلی خلاف ورزی اور بدعنوانی کی ایک واضح شکل ہے۔

مزید برآں، یہ بھی سامنے آیا ہے کہ متعدد سرکاری گاڑیاں بلوچستان سے باہر، خصوصاً اسلام آباد اور کراچی جیسے شہروں میں زیر استعمال ہیں، جہاں یہ بااثر شخصیات کے اہل خانہ کے پاس چل رہی ہیں۔ یہ صورتحال نہ صرف صوبے کے وسائل کی کھلی لوٹ مار ہے بلکہ ایک سنگین انتظامی بے ضابطگی بھی ہے،



تحریر:۔ خلیل احمد

جس پر فوری توجہ دینا ناگزیر ہو چکا ہے۔

یہ صورتحال محض گاڑیوں کے غائب ہونے تک محدود نہیں بلکہ یہ ایک وسیع تر مسئلے کی عکاسی کرتی ہے۔ بلوچستان میں کرپشن ایک ناسور کی شکل اختیار کر چکی ہے، جس کے اثرات معاشرے کے ہر طبقے پر پڑ رہے ہیں۔ خصوصاً نوجوان نسل اس سے شدید متاثر ہو رہی ہے۔ جب ایک نوجوان یہ دیکھتا ہے کہ میرٹ کا قتل عام ہو رہا ہے، وسائل کی لوٹ مار جاری ہے، اور احتساب کا کوئی مؤثر نظام موجود نہیں، تو اس کے اندر مایوسی جنم لیتی ہے۔ یہی مایوسی بعض اوقات اسے منفی سرگرمیوں اور شدت پسندی کی طرف دھکیل دیتی ہے۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ دشمن قوتیں ایسے ہی حالات کا فائدہ اٹھاتی ہیں۔ جب ریاستی اداروں پر عوام کا اعتماد کمزور ہو، تو پروپیگنڈہ آسانی سے اثر انداز ہوتا ہے۔ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی اور تخریب کاری کے پیچھے کئی عوامل کارفرما ہیں، مگر کرپشن اور ناانصافی اس کی بنیادی وجوہات میں شامل ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ اس سنگین صورتحال سے کیسے نمٹا جائے؟ محض نوٹس لینے یا بیانات دینے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا، بلکہ اس کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔

سب سے پہلے، ایک آزاد اور بااختیار تحقیقاتی کمیشن قائم کیا جانا چاہیے جو ان تمام گاڑیوں کی تفصیلات، ان کے استعمال، اور موجودہ حیثیت کا تعین کرے۔ اس کمیشن کو مکمل اختیار دیا جائے کہ وہ کسی بھی بااثر شخصیت کو طلب کر سکے اور اس سے جواب دہی لے سکے۔

دوسرا، جن افراد کے پاس سرکاری گاڑیاں غیر قانونی طور پر موجود ہیں، انہیں فوری طور پر نوٹس جاری کیے جائیں اور ایک مقررہ مدت کے اندر گاڑیاں واپس کرنے کا پابند بنایا جائے۔ اگر وہ اس میں ناکام رہیں تو ان کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے قانونی کارروائی کی جائے، چاہے وہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں۔

تیسرا، تمام سرکاری گاڑیوں کا ایک مرکزی ڈیجیٹل ریکارڈ مرتب کیا جائے جس میں واضح طور پر درج ہو کہ کس بیوروکریٹ، کس صوبائی وزیر، کس وزیر اعلیٰ اور کس گورنر کے زیر استعمال کتنی گاڑیاں ہیں۔ اس ریکارڈ کو باقاعدگی سے اپڈیٹ کیا جائے اور اسے متعلقہ نگرانی کے اداروں کے لیے قابل رسائی بنایا جائے تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

چوتھا، بلوچستان سے باہر زیر استعمال تمام سرکاری گاڑیوں کی فوری واپسی کو یقینی بنایا جائے۔ اسلام آباد اور کراچی میں موجود ان گاڑیوں کی نشاندہی کر کے انہیں صوبے میں واپس لایا جائے، اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے۔

پانچواں، مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے جدید ٹریکنگ سسٹم متعارف کرایا جائے، جس کے ذریعے ہر گاڑی کی نقل و حرکت اور استعمال کی نگرانی ممکن ہو۔ اس سے نہ صرف بدعنوانی پر قابو پایا جا سکے گا بلکہ وسائل کے بہتر استعمال کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔

چھٹا، احتساب کے نظام کو سیاسی اثر و رسوخ سے آزاد کیا جائے۔ جب تک احتساب کا عمل غیر جانبدار اور شفاف نہیں ہوگا، تب تک ایسے مسائل بار بار جنم لیتے رہیں گے۔

آخر میں، یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ بلوچستان کے گمشدہ اثاثے صرف گاڑیاں نہیں بلکہ عوام کا اعتماد بھی ہیں جو کہیں کھو گیا ہے۔ اگر اس بار بھی یہ معاملہ ماضی کی طرح دب گیا تو یہ نہ صرف ایک اور ناکامی ہوگی بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک خطرناک مثال بھی بنے گا۔

بلوچستان کے عوام، خصوصاً نوجوان نسل، ایک شفاف، منصفانہ اور جوابدہ نظام کے منتظر ہیں۔ اگر حکومت اس موقع کو سنجیدگی سے لے اور مؤثر اقدامات کرے تو نہ صرف یہ گاڑیاں واپس آ سکتی ہیں بلکہ ریاستی رٹ بھی بحال ہو سکتی ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جو بلوچستان کو ترقی، استحکام اور حقیقی معنوں میں گورننس کی طرف لے جا سکتا ہے۔